5۔ کم از کم تین دن مسلسل ہونا

۵۔ کم از کم تین دن مسلسل ہونا

مسئلہ۹۹۷۔ اعتکاف مسلسل تین دنوں سے کم نہیں ہونا چاہئے اور دوسرے دن کے اختتام سے پہلے اعتکاف کو ترک کرنا جائز ہے لیکن اگر کوئی شخص دو دن رہے تو تیسرے دن رہنا واجب ہے اور تین دنوں سے (ایک دن یا ایک رات) زیادہ رہنا کوئی اشکال نہیں رکھتا اور کوئی معین حد نہیں ہے لیکن ہر دو دنوں کے بعد تیسرے دن کا اعتکاف واجب ہے۔

مسئلہ۹۹۸۔ تین دنوں کا شمار پہلے دن کے طلوع فجر سے تیسرے دن کی مغرب تک ہوگا۔ بناپرایں دوسری اور تیسری راتیں اعتکاف کا حصہ ہیں اور مسجد سے خارج نہیں ہونا چاہئے لیکن پہلی اور چوتھی راتیں اعتکاف کا حصہ نہیں ہیں۔